PRACTICE PARAGRAPH — 04

بچپن عمر کا بہترین حصہ ہے۔ اس لئے آپ نے اکثر بوڑھوں سے سنا ہوگا کہ وہ ایک دفعہ پھر سے بچے بن جائیں شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم جوانی اور بڑھاپے کی ذمہ داریوں سے گھبراتے ہیں۔ بچپن میں کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ اس لئے کوئی غم بھی نہیں ہوتا۔ بچہ دن بھر کھیلتا ہے۔ اس کے والدین اس سے محبت کرتے ہیں۔ اچھا کھلاتے ہیں۔ عمدہ لباس خرید کر دیتے ہیں۔ اگر بچے کو قیمتی کپڑے نہ بھی ملے تو وہ اس کی پروا نہیں کرتا۔ اس لئے کہ زندگی اس کے لئے از خود کھلونا ہے۔ وہ ہر چیز میں ایک نیا پن پاتا ہے۔

Ⓜ Ⓣ Ⓦ Ⓣ Ⓕ Ⓢ DATE:

Translation:

Childhood is the best part of life. That is why, you must often have heard from the elderly people that want to become a kid again. It is because, we are afraid of the responsibilities of youth and old age. On the other hand, there are no responsibilities in childhood; consequently, there are no ~~grief~~ worries. A child plays all day long. His parents love him to bits. They feed him well; they buy fine clothes for him. Even if a child does not get elegant dress, he does not care less about it. For him, life itself is a toy. He finds novelty in everything.